بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

نالوں پر تجاوزات کا خاتمہ نہ ہو سکا

دکانیں، بکرامنڈیاں ورکشاپ قائم ہیں

کے ایم سی کی جانب سے تجاوزات کے خلاف حالیہ آپریشنوں کے نتائج مایوس کن ثابت ہوئے، متعدد نالے خستہ حالی کا شکار

کراچی (بابر اعوان/اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں قائم نالوں پر تجاوزات کے خلاف آپریشنوں کے باوجود تاحال تجاوزات قائم ہیں بیشتر نالوں پر مارکیٹیں، ورکشاپس، بکرامنڈیاں اور ریتی بجری کے اڈے قائم ہیں جبکہ کئی نالے خستہ حالی کا شکار ہیں جس کے باعث حادثات کا خدشہ رہتا ہے اور گندگی اور ٹریفک جام جیسے مسائل درپیش رہتے ہیں لیکن متعلقہ اداروں کی جانب سے اس سلسلے میں دعوے زیادہ اور عملی اقدامات کم کیے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کے ایم سی کی جانب سے نالوں پر قائم تجاوزات کے خلاف حالیہ آپریشنوں کے نتائج مایوس کن ثابت ہوئے تاحال ان پر تجاوزات قائم ہیں۔ اختر کالونی نالے پر استعمال شدہ جوتے، بچوں کے کپڑے، کھلونے، موبائل کی الیکٹرانک کی اشیاء سمیت دیگر کئی اشیاء کے پتھارے قائم ہیں نالے پر بکرے فروخت کیے جاتے ہیں جبکہ نالے پر ہی ریتی بجری کا اڈہ بھی قائم ہے ریتی بجری سے بھرے ٹرک نالے پر کھڑے کیے جاتے ہیں جس کے باعث نالے کی چھت کمزور ہوگئی ہے اور جابجا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے منظور کالونی نالے پر مکینک کی ورکشاپس اور دکانیں قائم ہیں۔ پرویز اشرف کالونی نالے پر گھر، اسپیئر پارٹس کی دکانیں اور سیاسی جماعت کا دفتر قائم ہے۔ جونیجو ٹاؤن میں نالے پر بھینسوں کے باڑے قائم ہیں۔ بل ٹاؤن میں نالے پر کارخانے اور گھر قائم ہیں جبکہ پتھارہ مافیا نے نالے پر سائبان لگا کر دیو اور بینڈ فٹ بال گیم کی دکانیں قائم کرکے اسے کرائے پر دے دیا ہے رحمٰن کالونی میں بھی نالے کی یہی صورتحال ہے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا روڈ پر گودام چورنگی سے لیکر چمڑا چورنگی تک قائم نالے پر جابجا بریانی، دال چاول، چنے، پائے اور دیگر کھانے کی اشیاء کی ریڑھیاں لگی ہوئی ہیں پتھارہ مافیا نے نالے کی چھت پر چادریں بچھا کر سائبان لگا رکھا ہے جہاں دفاتر اور فیکٹریوں کے ملازمین کھانا کھاتے ہیں اور موٹر سائیکل سڑک پر پارک کر دیتے ہیں جس کے باعث ٹریفک جام رہتا ہے۔ اس کے علاوہ شہر میں قائم دیگر نالوں کی بھی یہی صورتحال ہے کے ایم سی کی جانب سے نالوں کو تجاوزات سے پاک کرنے کے دعوے تو بے شمار کیے گئے ہیں لیکن ان تجاوزات کے خلاف عملی طور پر موثر اقدامات کا فقدان ہے جو شہر کی خوبصورتی کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ بے شمار مسائل کا بھی باعث ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے